**23.05.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............. فیصل خان

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے تنازعات کا پُرامن حل نکالے جانے کیلئے بھارت کی لگاتار حمایت کا اعادہ کیا ہے۔

☆ امریکہ کے وزیر خارجہ Marco Rubio نے بھارت–بحرالکاہل خطے کے تئیں امریکہ کی حکمت عملی میں بھارت کو مضبوط بنیاد قرار دیا ہے۔

☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت دفاعی سامان تیار کرنے کے شعبے میں خودکفیل بن رہا ہے۔ وزیر موصوف نے مہاراشٹر میں شرڈی کے مقام پر توپخانے کے گولے تیار کرنے کے پلانٹ کا افتتاح کیا۔

☆ مرکز نے نئی دلّی میں Gymkhana کلب سے کہا ہے کہ وہ دفاعی بنیادی ڈھانچے کو مستحکم بنانے کی خاطر اگلے مہینے کی 5 تاریخ تک اپنی زمین حوالے کردے۔

☆ چین میں ایک کوئلہ کان میں دھماکہ ہونے سے 90افراد کی موت ہوگئی۔

☆ اور بھارتی پہلوانوں سورج وششٹ اور ساگر سنگھ نے ویتنام میں 23سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کی ایشیائی کُشتی چمپئن شپ میں چاندی کے تمغے جیتے ہیں۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***Rubio India Visit***

وزیر اعظم نریندر مودی اور امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو نے آج نئی دلّی میں بھارت–امریکہ جامع عالمی کلیدی ساجھے داری میں پیشرفت اور علاقائی اور عالمی امن وسلامتی سے وابستہ معاملات پر تبادلۂ خیال کیا۔ امریکی وزیرخارجہ نے آج سہ پہر نئی دلّی میں سیوا تیرتھ میں وزیراعظم نریندرمودی سے ملاقات کی۔

جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ بھارت اور امریکہ عالمی سطح پر فلاح وبہبود کیلئے قریبی اشتراک سے کام کرتے رہیں گے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوبھال بھی میٹنگ کے دوران موجود تھے۔

وزیر اعظم کے دفتر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ جناب مارکو روبیو نے وزیر اعظم مودی کو مختلف شعبوں میں باہمی اشتراک کی پیشرفت سے واقف کرایا۔ اِن میں دفاع، کلیدی ٹیکنالوجی، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی کی یقینی فراہمی، کنکٹی ویٹی، تعلیم اور عوام سے عوام کے رابطے شامل ہیں۔ جناب مودی نے مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے تنازعات کا پُرامن حل نکالے جانے کی بات دوہرائی اور قیامِ امن کی کوششوں کے تئیں بھارت کی لگاتار حمایت کا اعادہ کیا۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو بھارت کے چار دن کے دورے پر آئے ہوئے ہیں۔ وہ اِس مہینے کی 26 تاریخ کو کواڈ وزراء خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

جناب روبیو آج صبح کولکاتہ پہنچے تھے، جہاں وہ Missionaries of Charity گئے اور مدر ٹریسا کی وراثت کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کل وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے۔ امید ہے کہ اُن کے اِس دورے سے بھارت–امریکہ جامع عالمی کلیدی ساجھے داری کو مزید تقویت ملے گی۔x

## *US Cecy of State India US*

امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ امریکہ کس انداز سے بھارت–بحرالکاہل خطے کے تئیں اپنی حکمت عملی اختیار کرتا ہے، اس میں بھارت کی مضبوط بنیاد ہے۔ نئی دلّی میں امریکی سفارتخانے کی ایک ذیلی عمارت کا افتتاح کرتے ہوئے جناب روبیو نے کہا کہ امریکہ میں بھارتی کمپنیوں نے جو 20ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے اور Pax Silica کیلئے بھارت نے جس معاہدے پر دستخط کئے ہیں، اُس سے اِس بات کی عکاسی ہوتی ہے۔انھوں نے کہا کہ اُن کے دورے سے باہمی تعلقات کو مزید تقویت ملے گی۔ امریکی وزیر خارجہ نے یہ اعتماد ظاہر کیا کہ بھارت اور امریکہ باہمی تعلقات کو مستحکم بنانے کے بارے میں کئی اور پُرجوش اور نئے اعلانات کرنے والے ہیں۔ جناب روبیو نے وزیر اعظم نریندر مودی اور امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو دو بہت سنجیدہ رہنما قرار دیا جو طویل مدتی منصوبوں پر توجہ مرکوز رکھتے ہیں۔

**S/B Rubio on Modi - 31 Secs**

## *PM ROZGAR MELA*

وزیراعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ سرکاری ملازمتیں لوگوں کے رہن سہن کو بہتر بنانے اور اس میں سہولت پیدا کرنے کے اہم وسیلے کے طور پر کام کرتی ہیں۔جناب مودی نے آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے 19ویں روزگار میلے سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ وزیراعظم نے اس بات کو اجاگر کیا کہ دنیا، بھارت کے ترقی کے سفر میں شامل ہونا چاہتی ہے۔جناب مودی نے کہا کہ بھارت دنیا کے مختلف ملکوں کے ساتھ ساجھیداری بھی قائم کر رہا ہے، جس کا مقصد ملک کے نوجوانوں کو مواقع اور روزگار فراہم کرنا نیز عالمی سطح پر انہیں روشناس کرانا ہے۔

**1400 PM GLOBAL EXPOSURE**

آج **19**ویں روزگار میلے میں مختلف سرکاری محکموں اور اداروں میں نئے بھرتی کئے گئے نوجوانوں کو **51**ہزار سے زیادہ تقرر نامے تقسیم کئے گئے۔**X**

## ***Rajnath Shirdi Plant***

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج مہاراشٹر کے شرڈی میں **Savi Vihir** صنعتی اسٹیٹ میں قائم توپخانے کے گولے تیار کرنے کے پلانٹ کا افتتاح کیا۔ یہ پلانٹ **155 mm** کے توپخانے کے گولے تیار کرے گا اور اِس کی صلاحیت، سالانہ پانچ لاکھ گولے تیار کرنے کی ہے۔ گولے تیار کرنے کی پوری ٹیکنالوجی اور خام مال، اندرون ملک کا ہی ہوگا۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ ایک وقت بھارت کو دفاعی ساز و سامان کے در آمد کار کے طور پر جانا جاتا تھا لیکن آئندہ برسوں میں ملک، دفاعی ساز و سامان کا ایک اہم برآمدکار بن کر ابھرے گا۔ جناب سنگھ نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ جنگ کا طریقۂ کار تبدیل ہوچکا ہے اور جن ملکوں کے پاس اختراع، ساز و سامان تیار کرنے کی صلاحیت اور مضبوط صنعتی بنیادی ڈھانچہ ہے، وہی مستقبل تشکیل دیں گے۔انہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ بھارت، مستقبل کی جنگی صلاحیت کیلئے خود کو تیار کر رہا ہے اور میک اِن انڈیا پہل کے ذریعے دفاعی ساز و سامان کی تیاری کے معاملے میں خودکفیل بن رہا ہے۔ مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس اور دیگر سرکردہ شخصیات نے اِس تقریب میں شرکت کی۔

**S/B: Rajnath on Defence-33 Secs**

## ***Centre Delhi Gymkhana***

مرکز نے نئی دلّی کے **Gymkhana** کلب سے کہا ہے کہ وہ اگلے مہینے کی **5** تاریخ تک اپنا احاطہ حوالے کردے۔ مرکز نے کہا ہے کہ دفاعی بنیادی ڈھانچے کو مستحکم بنانے کیلئے زمین کی ضرورت ہے۔ ہاؤسنگ اور شہری امور کی وزارت کے تحت آراضی اور ترقیاتی دفتر کی جانب سے جاری کئے گئے ایک حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ فوری ادارہ جاتی ضروریات پوری کرنے، حکمرانی کے بنیادی ڈھانچے اور مفادِعامہ کے پروجیکٹ کیلئے یہ زمین ضروری ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ دفاعی بنیادی ڈھانچے کو محفوظ بنانے نیز دیگر اہمیت کے حامل عوامی سکیورٹی مقاصد کیلئے دلّی کے انتہائی حساس اور اہم علاقے میں واقع اِس ٹھکانے کی ضرورت ہے۔مذکورہ حکم نامے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ حکم کی تعمیل نہ ہونے کی صورت میں قانون کے مطابق اِسے قبضے میں لیا جائے گا۔**x**

## ***Ayushman Bharat WB***

مغربی بنگال میں آیوشمان بھارت اسکیم اِس سال جولائی سے شروع ہوجائے گی۔ وزیر اعلیٰ شوبھیندو ادھیکاری نے مرکزی وزیر صحت جے پی نڈّا کے ساتھ ورچوئل میٹنگ کے بعد کولکاتہ میں یہ اعلان کیا۔ ریاستی صحت اسکیم سواستھیہ ساتھی کے تحت مستفید ہونے والے موجودہ افراد کو آیوشمان بھارت اسکیم میں شامل کیا جائے گا۔ آیوشمان بھارت آروگیہ مندر کے سلسلے میں اگلے مہینے نئی دلّی میں ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے جائیں گے۔**x**

## Nadda NBEMS Convocation

صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جے پی نڈّا نے کہا ہے کہ حفظانِ صحت کے بنیادی ڈھانچے کے ساتھ ساتھ صحت ماہرین اور طبی پیشہ ور افراد کی تربیت بھی اُتنی ہی اہمیت کی حامل ہے۔ انھوں نے آج نئی دلّی میں میڈیکل سائنسز میں قومی بورڈ امتحانات ادارے کی تقسیم اسناد کی 23ویں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

جناب نڈّا نے زور دے کر کہا کہ ڈاکٹر، حفظانِ صحت نظام کے سافٹ ویئر کے طور پر کام کرتے ہیں جبکہ بنیادی ڈھانچہ اور دیگر سہولیات ملک کے ہارڈ ویئر کی مانند کام کرتی ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ حفظانِ صحت کا شعبہ اور صحتمند بھارت کا نظریہ وکست بھارت مشن کے حصول میں مرکزی رول ادا کریں گے لہٰذا طبی پیشہ ور افراد کا رول ملک کیلئے بہت اہمیت کا حامل ہے۔

میڈیکل سائنسز کے قومی بورڈ امتحانات ادارے کا تذکرہ کرتے ہوئے جناب نڈّا نے کہا کہ ادارے نے ایک مضبوط برانڈ قائم کی ہے جو حفظانِ صحت کے شعبے میں پیشہ ورانہ مہارت، مفاہمت اور ساکھ کی عکاسی کرتی ہے۔

وزیر موصوف نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ مریضوں کی دیکھ بھال کے نظام کو مستحکم بنانے کیلئے 11 نئے کورس شروع کئے گئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ میڈیکل سائنسز کے قومی بورڈ امتحانات ادارے کے اشتراک سے ’’ایک ملک ایک Subscription‘‘ پہل کا بھی آغاز کیا گیا ہے۔

جناب نڈّا نے کہا کہ اِسے اُن میڈکل کالجوں میں نافذ کیا جائے گا جہاں سرِدست میڈیکل سائنسز کے قومی بورڈ کے امتحانات ادارے کے کورسز کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ انھوں نے گریجویشن کرنے والے اسکالرز پر زور دیا کہ وہ میڈیکل سائنس کالجوں میں پڑھانے کیلئے خود کو وقف کریں، خاص طور پر اُن کالجوں میں جہاں میڈیکل سائنسز کے قومی بورڈ کے امتحانات ادارے کے نصاب پڑھائے جارہے ہیں۔x

## Rev. G-Ram-G Rules

حکومت نے وسیع تر عوامی صلاح مشورے کیلئے VB-G RAM G Act-2025 کے تحت ضابطوں کا مسودہ شائع کیا ہے۔ دیہی ترقی کی وزارت نے کہا ہے کہ کوئی شخص، متعلقہ فریق، تنظیم یا ادارہ، ضابطوں کے مسودے کے سلسلے میں غور و خوض کیلئے اِس ماہ کی 21 تاریخ تک اعتراضات یا مشورے داخل کرسکتا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے........

**VC Akshit**

وکست بھارت جی رام جی ایکٹ، بیس سال پرانے مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی ایکٹ، MGNREGA-2005 کی جگہ لے گا۔ اِس نئے قانون کا مقصد ایک مالی برس میں روزگار کی قانونی گارنٹی کے دن 100 سے بڑھا کر 125 دن کرنا ہے۔ وزارت کے مطابق ضابطوں کا مسودہ دفعہ 33 اور قانون کی دیگر متعلقہ دفعات سے مطابقت رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ قومی سطح کی رہبر کمیٹی کے ضابطوں، مرکزی گرامین روزگار گارنٹی کونسل کے ضابطوں، انتظامی اخراجات سے متعلق ضابطوں اور شکایات کے ازالے سے متعلق ضابطوں کو صلاح مشورے کیلئے عوامی کے سامنے رکھا گیا ہے۔ نئے قانون میں بروقت، شفاف اور جوابدہ طریقۂ کار

کے تحت اجرت کی ادائیگی پر زور دیا گیا ہے۔

اِس قانون کے تحت اگر مقررہ مدت کے دوران روزگار نہیں فراہم کیا جاتا ہے تو بے روزگاری بھتے کی بھی سہولت ہے۔ VB-G RAM G Act-2025 کو اِس سال یکم جولائی سے نافذ کرنے کی خاطر سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں اِس ماہ کی 11 تاریخ کو نوٹیفائی کیا گیا تھا۔

دلّی سے Akshit Vedyan کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## China Mine Explosion

چین کے Shanxi صوبے میں کوئلے کی ایک کان میں ہوئے گیس کے ایک دھماکے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 90ہوگئی ہے۔ گیس کا یہ دھماکہ، کل ہوا تھا۔

سرکاری میڈیا نے خبر دی ہے کہ کان میں کام کرنے والے 201 کانکنوں کو اب تک بچا لیا گیا ہے، جبکہ بچاؤ کارروائی جاری ہے۔ چین کے صدر شی جنپنگ نے ایک جامع بچاؤ کارروائی اور زخمیوں کے علاج کیلئے ہدایات جاری کی ہیں۔ انہوں نے اِس حادثے کے بعد کی صورتحال کو مناسب طور پر سنبھالے جانے اور اِس کی وجہ کی تفصیلی تحقیقات کیے جانے پر یہ کہتے ہوئے زور دیا ہے کہ اِس کے قصوروار افراد کو قانون کے مطابق سزا دی جائے۔ چین کے صدر نے ملک بھر کے اہلکاروں پر زور دیا کہ وہ اِس حادثے سے سبق لیں اور کام کی جگہ پر سلامتی کے سلسلے میں مستعد رہیں اور بڑے حادثات کی روک تھام کیلئے امکانی خطرات کی نشاندہی کریں اور اُنہیں ختم کرنے کی کوششیں تیز کریں۔ x

## PM China

وزیر اعظم نریندر مودی نے چین کے Shanxi صوبے میں کان میں ہوئے حادثے میں جان گنوانے والوں کے تئیں دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیر اعظم نے بھارتی عوام کی جانب سے چین کے صدر شی جنپنگ اور چین کے لوگوں سے اپنی تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے سبھی باقی لاپتہ افراد کی جلد اور بحفاظت بازیابی کی بھی دعا کی اور اِس مشکل گھڑی میں سوگوار کنبوں سے یکجہتی کا اظہار کیا۔ x

## France Ban Israel Minister

فرانس نے اسرائیل کے قومی سلامتی کے وزیر Itamar Ben-Gvir کے فرانس میں داخل ہونے پر پابندی عائد کردی ہے۔ فرانس کے وزیر خارجہ Jean-Noel Barrot نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اِس فیصلے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اِس اقدام سے غزہ جانے والے Sumud Flotilla میں سوار سرگرم کارکنوں کے ساتھ روا رکھے گئے برتاؤ کے معاملے پر بڑھتے ہوئے غم وغصے کی عکاسی ہوتی ہے۔ فرانس کے وزیر خارجہ نے یوروپی یونین پر بھی زور دیا کہ وہ اسرائیل کے قومی سلامتی کے وزیر پر پابندیاں عائد کرے۔ ایک ویڈیو شیئر کرنے

کے بعد سے اسرائیلی وزیر کو وسیع پیمانے پر نکتہ چینی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، جس میں وہ اسرائیلی پولیس کی تحویل میں سرگرم کارکنوں پر طنز کرتے ہوئے نظر آرہے ہیں۔x

## Russia Ukraine Attacks

شمال مشرقی یوکرین کے شہر Sumy کے مضافات میں روس کے ڈرون حملے میں آج ایک شخص ہلاک اور 9زخمی ہوگئے۔ یوکرین کے Luhansk خطے میں روس کے کنٹرول والے علاقے میں ایک کالج کے رہائشی علاقے پر یوکرین کے ڈرون حملے کے بعد روس کے صدر ولادیمیر پتن نے جوابی فوجی کارروائی کا حکم دیا تھا۔ کالج کے علاقے میں اِس حملے میں 11افراد مارے گئے تھے۔x

## Rev. Asian U 23 Wrestling

آج ویتنام کے Da Nang میں بھارت کے کُشتی کھلاڑی سورج Vashishit اور ساگر سنگھ نے ایشیائی انڈر 23 کُشتی چمپئن شپ کے مردوں کے Greco-Roman زمروں میں چاندی کے تمغے جیتے ہیں۔ 60 کلوگرام کے زمرے میں سورج وششٹ، قزاخستان کے کُشتی کھلاڑی سے خطابی مقابلے میں چار–صفر سے ہار گئے۔وہیں 67 کلوگرام کے زمرے میں ساگر سنگھ کو فائنل میں ازبیکستان کے کُشتی کھلاڑی نے نو–صفر سے شکست دی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆